© rasailojaraid.com

ہمارے خیال میں تمام مطبوعہ نسخوں پر ہدیہ مفت کے الفاظ چھاپ دینے چاہئیں یا مہر لگا دی جائے تاکہ بعض حریص لوگ اسے مفت حاصل کر کے اونے پونے میں بیچنے کی کوشش نہ کریں۔

(عبدالرحمان کیلانی)

---

نام کتاب . . . تحریک آزادیٔ فکر اور شاہ ولی اللہ کی تجدیدی مساعی

مصنف . . . حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل سلفیؒ

جمع و ترتیب . . . مولانا محمد حنیف یزدانی

ضخامت . . . ۵۱۲ صفحات

قیمت . . . ۲۷ روپے، سفید کاغذ، آفسٹ کتابت و طباعت جلد پیپر بیک

ناشر . . . مکتبہ نذیریہ، قینچی امرسدھو، فیروز پور روڈ۔ لاہور

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب سلفی سابق امیر جمعیۃ اہلحدیث پاکستان رحمۃ اللہ علیہ کی ذاتِ گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ علمائے اہلحدیث کی آخری یادگار تھے۔ تمام عمر درس و تدریس، تعلیم و تعلم اور وعظ و خطبہ میں گزاری۔ آپ کی خطابت، جرأت، صداقت اور دیانت تمام حلقوں میں مسلم تھی۔

مسلک اہل حدیث سے والہانہ تعلق تھا۔ شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کے بعد مسلک اہلحدیث پر جب کبھی اور جہاں کہیں بھی حملہ ہوا، آپ ایک جانباز سرفروش اور بہادر سپاہی کی طرح علم کے ہتھیاروں سے مسلح ہو کر میدان میں اترے اور حملہ آور کو شکست دی۔

زیر نظر کتاب "تحریک آزادیٔ فکر" بھی اسی سلسلہ کا ایک شاہکار ہے۔ حضرت شیخ الحدیثؒ وقتاً فوقتاً جماعت کے ترجمان ہفت روزہ "الاعتصام" میں مخالفین کے اعتراضات اور سوالات کے جوابات دیتے رہے۔ ان تمام مضامین کو یکجا کر کے کتابی شکل میں آپؒ کی زندگی ہی میں آپ سے ترمیم و اضافہ کروا کے اور آپ کی اجازت حاصل کر کے شائع کیا گیا، اس کا دوسرا ایڈیشن آپ کی وفات حسرت آیات کے بعد شائع ہوا۔ لیکن تیسرا ایڈیشن اس بنا پر تاخیر کا شکار ہو گیا کہ مرتب (مولانا محمد حنیف یزدانی) نے کتاب سے متعلقہ حضرت شیخ الحدیثؒ کے مزید بہت سے مضامین کی فراہمی کے بعد انہیں یکجا کر کے، پہلے سے زیادہ بہتر طریق پر شائع کرنا ضروری سمجھا۔ الحمد للہ مولانا کی نہایت مستحسن کوشش بارآور ہوئی اور اب یہ مزید معنوی اور صوری خوبیوں سے آراستہ و پیراستہ ہمارے سامنے ہے ——— کتاب کے مستقل عنوانات یہ ہیں:

۱۔ تحریک اہل حدیث کا مد و جزر اور حضرت شاہ ولی اللہ کی تجدیدی مساعی۔

© rasailojaraid.com